© rasailojaraid.com

مقابلہ نحو: اول: محمد عثمان دوم: محمد مأمور سوم: اقدس حسین

مقابلہ صرف: اول: اقدس حسین دوم: عبداللہ وقار سوم: محمد بلال

تقریری مقابلہ: اول: محمد کاشف دوم: عمر فاروق سوم: عبدالقدیر اسد

مثالی طالب علم: عبداللہ وقار بن محمد یونس (اُولی متوسطہ)

وفیات

## محمود مرزا جہلمی، مرزا اسجد محمود، مرزا تصدق حسین اور مرزا جہانگیر کو صدمہ

مورخہ 5 جولائی بروز جمعرات محمود مرزا جہلمی کی خوشدامن، مرزا اسجد محمود، مرزا تصدق حسین کی والدہ اور مرزا جہانگیر کی نانی محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ بڑی متقیہ، نماز پنجگانہ کی پابند اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والی خاتون تھیں بالخصوص موت کے وقت وصیت کی کہ میری ساری رقم جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث ٹھل کی مرمت پہ لگادی جائے، اللہ تعالیٰ ان کی حسنات قبول فرمائے، مرحومہ کی نماز جنازہ اُن کے آبائی گاؤں ٹھل میں حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔

## چوہدری انیس کو صدمہ

مورخہ 22 اگست بروز بدھ چوہدری انیس کے بہنوئی اعظم ڈار (انکم ٹیکس آفیسر) مشین محلّہ نمبر 3 میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم بڑے بااخلاق، ملنسار اور متواضع انسان تھے۔

## حاجی محمد طارق و محمد اجمل کو صدمہ

مورخہ 27 اگست بروز سوموار حاجی محمد طارق و محمد اجمل کے والد محترم وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے کوٹلہ آئمہ میں پڑھائی۔ علاقہ بھر سے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com